# پبلک چا کے حتمی صد 2022کی ضاد

امریکی محکمہ برائے ملکی سالمیت ((U.S. Department of Homeland Security (DHS) نے ایک حتمی اصول جاری کیا ہے، جسے وفاقی رجسٹر میں شائع کیا جائے گا، جو غیر شہریوں کے لیے اس امر کی وضاحت اور تسلسل فراہم کرتا ہے کہ DHS عدم قبولیت کے پبلک چارج کی بنیاد کا نظام کیسے چلائے گا۔ یہ اصول 'پبلک چارج' کے سابقہ مفہوم کو بحال کرتا ہے جو کئی دہائیوں سے اُس وقت تک نافذالعمل رہا جب تک کہ سابقہ انتظامیہ نے صحتِ عامہ کے اضافی فوائد جیسے کہ میڈیکیڈ اور غذائی معاونت پر پبلک چارج کی عدم قبولیت کے تعین کے جزو کے طور پرِغور کرنا شروع نہیں کر دیا۔ آج اعلان کردہ اصول ہمارے قانونی امیگریشن کے نظام پر اعتماد بحال کرنے کے لیے بائیڈن انتظامیہ کے عزم کا اظہار ہے۔

ایک غیر شہری جس کے 'پبلک چارج' بننے کا امکان سمجھا جا رہا ہو، یعنی اس بات کا امکان ہو کہ وہ گزر بسر کے لیے بنیادی طور پر حکومت پر انحصار کرے گا، تو اُسے داخلے کی اجازت یا قانونی مستقل رہائش (جسے عام زبان میں گرین کارڈ کہا جاتا ہے) دینے سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ 2019 سے پہلے، میڈیکیڈ یا غذائی معاونت جیسی تقریباً تمام غیر نقد سرکاری مراعات کو غور و خوض سے مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔ 2019 کا اصول، جو بالآخر منسوخ کر دیا گیا تھا اور اب نافذ العمل نہیں ہے، اس کے نتیجے میں ایسے پروگرامز میں اُن افراد کے اندراجات میں کمی واقع ہوئی تھی جن پر عدم قبولیت کے پبلک چارج کی بنیاد لاگو نہیں ہوتی، جیسے کہ مخلوط حیثیت والے گھرانوں میں امریکی شہری بچے۔ وفاقی رجسٹر میں اس اصول کی اشاعت اس اصطلاح کے سابقہ مفہوم میں باضابطہ طور پر قانونی تدوین کرکے ان اثرات سے بچاتی ہے۔

## اس اصول کی بدولت، **DHS** عدم قبولیت کے پبلک چارج کی بنیاد کا نفاذ ایسے طریقے سے کرنا چاہتا ہے جو:

- زیرِ ضابطہ عوام میں یقین کی کیفیت پیدا کر ے؛
- کانگریسی ہدایات سے ہم آہنگ ہو؛
- افسران اور غیر شہریوں اور ان کے خاندانوں کے لیے واضح اور قابلِ فہم ہو؛
- ایک ہی نوعیت کے افراد کے ساتھ غیر مساوی سلوک کا خطرہ کم کرنے کے لیے منصفانہ اور مستقل مزاج فیصلوں کا باعث
- درخواست گزاروں کی راہ سے بلا جواز رکاوٹیں دور کرے؛ اور
- پبلک چارج کی بنیاد کے زیرِ اطلاق نہ آنے والے افراد کی جانب سے عوامی مراعات کے استعمال کی حوصلہ شکنی سے گریز کرے۔
- نئے اور بھاری بھرکم فارمز اور ثبوتی دستاویزات کی تکمیل کا تقاضہ نہ کرے؛
- پیچیدہ اور الجھن آمیز معیارات تشکیل نہ دے؛
- قیام میں توسیع اور اسٹیٹس کی تبدیلی کے لیے غیر شہریوں کی درخواستوں اور استغاثوں پر لاگو نہ ہو؛ اور
- ''غیر حوصلہ افزا اثرات'' سے گریز کی اہمیت کو نظر انداز نہ کرے — اس سے مراد امیگریشن کے منفی نتائج کے خوف کی بنیاد پر، عوامی مراعاتی پروگرامز میں کسی فرد کی شرکت کی حوصلہ شکنی کرنا ہے، خواہ بادی النظر میں متعلقہ فرد پر اس اصول کا اطلاق نہ ہوتا ہو۔

U.S. Citizenship
and Immigration
Services